**20-04-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ محمد عمار

---

**Music**

---

☆ لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لیے انتخابی مہم تیز ہو گئی ہے۔ سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنما ملک کے مختلف حصوں میں کئی کئی ریلیاں کر رہے ہیں۔

☆ تیسرے مرحلے کے لیے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال آج ہوئی۔ پیر تک نام واپس لیے جا سکیں گے۔

☆ EPFO نے اِس سال فروری میں دو لاکھ خواتین سمیت تقریباً 8 لاکھ نئے لوگوں کو افرادی قوت میں شامل کیا ہے۔

☆ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ اڈیشہ اور گنگا کے ترائی والے مغربی بنگال کے مختلف مقامات میں سخت گرمی کی لہر کی صورتحال جاری رہے گی۔

☆ کشتی میں ونیش پھوگاٹ، انشوملک اور ریتیکا ہُڈا نے کرغستان کے بشکیک میں جاری ایشیائی کوالیفائرس میں پیرس اولمپک کے لیے کوالیفائی کر لیا ہے۔

☆ اور IPL کرکٹ میں، دلی میں، دلی کیپیٹلس اور سن رائزرس حیدرآباد کے درمیان میچ جاری ہے۔

---

**Music**

---

اب خبریں تفصیل سے

**Rev. EVE Campaigning**

کل لوک سبھا انتخابات کا پہلا مرحلہ مکمل ہوگیا۔ اس کے ساتھ ہی لوک سبھا انتخابات کے باقی مرحلوں کیلئے چناؤ مہم تیز ہوگئی ہے۔ عظیم اتحاد اور NDA سمیت تمام سیاسی پارٹیوں کی ممتاز شخصیات اور سینئر رہنما ملک بھر میں ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے کئی کئی ریلیاں کر رہے ہیں۔ دوسرے مرحلے کے انتخابات کی چناؤ مہم میں صرف چار روز باقی رہ گئے ہیں ایسے میں سیاسی پارٹیوں کے رہنما ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے کوئی کسر باقی نہیں چھوڑ رہے ہیں۔

لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کے تحت اِس مہینے کی 26 تاریخ کو کیرالہ کی سبھی 20 سیٹوں، کرناٹک کی 14، راجستھان کی 13، اترپردیش اور مہاراشٹر کی آٹھ-آٹھ، مدھیہ پردیش کی 7، آسام اور بہار کی پانچ-پانچ، مغربی بنگال اور چھتیس گڑھ کی تین-تین، اور تریپورہ اور جموں وکشمیر کی ایک-ایک پارلیمانی حلقے میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔

وزیر اعظم اور BJP کے اعلیٰ رہنما نریندر مودی نے آج مہاراشٹر کے ناندیڑ اور پربھنی کے علاوہ کرناٹک کے Chikkaballpur اور بینگلورو میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ وہ یہاں اپنا رپورٹ کارڈ پیش کرنے اور لوگوں کا آشیرواد لینے کیلئے آئے ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ درجِ فہرست ذاتوں، درجِ فہرست قبائل اور پسماندہ ذاتوں سے تعلق رکھنے والی برادریوں کو اُن کی حکومت کی پالیسیوں سے کافی فائدہ پہنچا ہے۔ 25 کروڑ سے زیادہ افراد غربت کی سطح سے باہر آئے ہیں۔ انھوں نے ایک بار پھر 2047 تک وکست بھارت کیلئے 24 گھنٹے ساتوں دن کام کرنے کے اپنے عزم کا اظہار کیا۔

اپنی حکومت کے دس برس کے بارے میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے کہا کہ آج بھارت دنیا کی پانچویں بڑی معیشت ہے۔

ملک میں ریکارڈ تعداد میں غیرملکی سرمایہ کاری ہو رہی ہے۔ اِس کے علاوہ برآمدات اور مینوفیکچرنگ کے شعبے تیزی کے ساتھ ترقی کر رہے ہیں۔ بھارت موبائل فون کا ایک اہم برآمدکار ملک ہے۔

S/B 2100 PM Backwards

سابق وزیر اعظم اور جنتا دَل سیکولر کے لیڈر دیوی گوڑا نے بھی اِس موقع پر خطاب کیا اور کہا کہ بدعنوان کانگریس سرکار جب 2014 میں حکومت سے بے دخل ہوئی تھی تب اُس نے خزانے کو خالی کردیا تھا۔ دوسری طرف ایک بیان میں کرناٹک کے وزیر اعلیٰ سدارمیا نے الزام لگایا کہ BJP کے انتخابی منشور میں ذکر کردہ سوریہ گھر مفت بجلی پروگرام نے غریبوں پر بوجھ ڈال دیا ہے کیونکہ انھیں سولر پینلوں کی لاگت برداشت کرنی پڑ رہی ہے۔

کیرالہ میں متحدہ جمہوری محاذ UDF کی انتخابی مہم کے حصے کے طور پر کُل ہند کانگریس کمیٹی کی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی نے کیرالہ میں Eriyad کے مقام پر ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ انھوں نے الزام لگایا کہ قانون کی پاسداری کرنے والی سرکاری ایجنسیاں ملک میں غیرقانونی بھتہ خور ایجنسیاں بن گئی ہیں۔ پرینکا گاندھی نے Pathanamthitta کے مقام پر بھی ایک عوامی جلسے میں شرکت کی۔ CPIM کی پولٹ بیورو ممبر برندا کرات لیفٹ ڈیموکریٹک فرنٹ LDF کی حمایت میں آج Thrissur میں انتخابی مہم کے متعدد پروگراموں سے خطاب کیا۔

تمل ناڈو سے تعلق رکھنے والے BJP کے رہنما Vijayadharani نے بھی آج NDA کے امیدوار راجیو چندر شیکھر کی حمایت میں منعقدہ Ananthapuri خواتین کانفرنس سے خطاب کیا۔

اترپردیش کے متھرا میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کرتے BJP کے سینئر رہنما امت شاہ نے کہا کہ اِس مرتبہ اترپردیش کے لوگ BJP کو تمام 80 سیٹوں پر کامیاب بنائیں گے۔

S/B 2100 Amit Shah

امروہہ میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کانگریس کے سابق صدر راہل گاندھی نے کہا کہ اگر آئی این

ڈی آئی اے اتحاد کی سرکار بنتی ہے تو کسانوں کے قرضے معاف کردیئے جائیں گے۔اس کے علاوہ منریگا اور آنگن واڑی ورکروں کو دیئے جانے والے اعزازیہ کو دوگنا کردیا جائے گا۔

S/B 2100 Rahul Gandhi Jobs

اِس سے پہلے راہل گاندھی نے بہار کے بھاگلپور میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ اگر آئی این ڈی آئی اے بلاک کی سرکار اقتدار میں آتی ہے تو اگنی ویر اسکیم ختم کردی جائے گی۔ انھوں نے کہا کہ وہ غریبوں اور قبائلی برادری کی فلاح وبہبود کیلئے کام کریں گے۔

منی پور میں ناگالینڈ کے وزیر اعلیٰ اور NDPP کے لیڈر Neiphiu Rio اور ناگالینڈ کے نائب وزیر اعلیٰ T.R.Zeliang نے بھی سینا پتی ضلع میں NPF امیدواروں کیلئے انتخابی مہم میں شرکت کی۔ NPF اور NDPP دونوں ہی NDA کی اتحادی پارٹیاں ہیں۔x

## Assam Campaign

آسام میں پہلے مرحلے کی پولنگ کے بعد سبھی کی توجہ دوسرے مرحلے کی انتخابی مہم کی طرف منتقل ہو گئی ہے۔ اس مرحلے میں پانچ سیٹوں کے لیے مجموعی طور پر 61 امیدوار میدان میں ہیں۔ BJP، کانگریس، AIUDF، TMC، BPF دوسروں کے علاوہ میدان میں ہیں۔ وزیراعلیٰ اور BJP کے سینئر لیڈر ہیمنت بسوا سرما نے آج براک وادی میں پارٹی امیدواروں کے لیے انتخابی مہم کی۔ کانگریس ایم پی Pradyut Bordoloi نے، جو Nagaon سیٹ سے امیدوار ہیں، آج Raha میں ریلیاں کیں۔مرکزی وزیر داخلہ اور BJP لیڈر امت شاہ کل سلچر میں پارٹی امیدوار پریمل Suklabidya کے لیے ایک روڈ شو کریں گے۔x

## Scrutiny Third Phase

لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کے لیے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل کل ختم ہو گیا۔ آج کاغذات کی جانچ پڑتال ہوئی۔ تیسرے مرحلے میں دس ریاستوں اور مرکز کے انتظام والے دو علاقوں میں 94 پارلیمانی حلقوں کے لیے سات مئی کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ پیر تک نام واپس لیئے جائیں گے۔ گجرات میں پانچ اسمبلی حلقوں کے ضمنی انتخابات کے لیے بھی کاغذات کی جانچ پڑتال کی گئی۔

اسی دوران، لوک سبھا کے چوتھے مرحلے کے لیے نامزدگی کے کاغذات داخل کرنے کا عمل جاری ہے۔ اس مرحلے میں نو ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقہ جموں وکشمیر کے 96 پارلیمانی حلقوں میں 13 مئی کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اس مرحلے کے لیے 25 اپریل تک کاغذات نامزدگی داخل کیے جا سکیں گے۔x

## Mandya Constituency Profile

لوک سبھا انتخابات کے دوران ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے اہم پارلیمانی حلقوں کے انتخابی منظر نامے کی سیریز کے تحت آج ہم آپ کے لیے کرناٹک کے پرانے میسور خطے میں واقع مانڈیا لوک سبھا حلقے سے

متعلق ایک رپورٹ پیش کر رہے ہیں۔
پیش ہے ایک رپورٹ۔

V/C- Sudhindra

کرناٹک کے پرانے میسور خطے میں واقع، مانڈیا لوک سبھا حلقہ زراعت پر مبنی حلقہ ہے جہاں کاویری ندی سے پانی حاصل کر کے بڑے پیمانے پر گنّے کی کھیتی کی جاتی ہے۔ اس بار کے لوک سبھا انتخابات میں JDS لیڈر اور سابق وزیراعلیٰ ایچ ڈی کماراسوامی اور اسٹار چندرو کے نام سے مشہور کانگریس پارٹی کے وینکٹ رمنے گوڑا کے درمیان ایک دلچسپ مقابلہ دِکھ رہا ہے۔ 2019 کے انتخابات میں کمارا سوامی کے بیٹے نِکھل کمارا سوامی کو کانگریس کی مدد سے میدان میں اتارا گیا تھا لیکن وہ ہار گئے تھے۔ اِس بار کمارا سوامی BJP کی مدد سے کانگریس کے خلاف میدان میں ہیں۔ 2019 میں آزاد امیدوار Sumalatha Ambareesh نے BJP کی مدد سے یہ سیٹ جیتی تھی۔

انہوں نے ایک لاکھ 25 ہزار 876 ووٹوں کے فرق سے جیت کر BJP میں شمولیت اختیار کی تھی۔

روایتی طور پر مانڈیا کی سیاست کانگریس اور JDS کے اِرد گرد گھومتی ہے جبکہ BJP کو بھی تھوڑی بہت حمایت حاصل ہے۔ مانڈیا لوک سبھا سیٹ کے تحت آنے والے آٹھ اسمبلی حلقوں میں چھ سیٹوں پر کانگریس کا قبضہ ہے، جبکہ ایک سیٹ JDS اور ایک سیٹ سرودیہ کرناٹک پکش کے پاس ہے۔ مانڈیا میں 17 لاکھ 79 ہزار سے زیادہ ووٹر ہیں جو ہر الیکشن میں چونکانے والا کارنامہ انجام دیتے ہیں۔ کانگریس اور JDS کے علاوہ 14 دوسرے امیدوار بھی میدان میں ہیں۔

## Arunachal Pradesh Election

ارونا چل پردیش میں لوک سبھا اور اسمبلی انتخابات کل ایک مرحلے میں ایک ساتھ مکمل ہو گئے۔ پارلیمانی انتخابات میں 72 اعشاریہ سات چار فیصد ووٹنگ ریکارڈ کی گئی۔ ارونا چل مشرقی پارلیمانی حلقے میں 76 اعشاریہ تین سات فیصد، جبکہ مغربی پارلیمانی حلقے میں 70 اعشاریہ ایک ایک فیصد ووٹنگ ہوئی۔ اسمبلی انتخابات میں مجموعی طور پر 76 اعشاریہ چار چار فیصد لوگوں نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔×

## EPFO Data

ملازمین کے پروویڈینٹ فنڈ کی تنظیم EPFO نے اس سال فروری میں 15 لاکھ 48 ہزار نیٹ ممبروں کو تنظیم میں شامل کیا ہے۔ آج جاری کیے گئے EPFO کے عارضی پے رول اعداد و شمار سے اِس بات کا اشارہ ملتا ہے کہ مہینے کے دوران تقریباً سات لاکھ 78 ہزار نئے ممبروں کا اندراج کیا گیا ہے۔ اعداد و شمار کی خاص بات یہ ہے کہ اِس میں 18 سے 25 سال کی عمر کے لوگ زیادہ ہیں جو فروری کے مہینے میں مجموعی طور پر شامل کیے گئے نئے ممبروں کا 56 اعشاریہ تین چھ فیصد ہے۔ اِس سے اس بات کا بھی اشارہ ملتا ہے کہ منظّم افرادی قوت میں شامل ہونے والے لوگوں کی اکثریت نوجوانوں کی ہے جو پہلی بار نوکری کر رہے ہیں۔

جنسی اعتبار سے اعداد و شمار کے جائزے سے اِس بات کا اشارہ ملتا ہے کہ اِس میں شامل ہونے والے نئے

ممبروں میں دو لاکھ سے زیادہ خواتین ہیں۔ اِس سے اس بات کا اندازہ ہوتا ہے کہ ہم ایک جامع اور متنوع افرادی قوت کی طرف بڑھ رہے ہیں۔×

## J&K Review Meeting

وادی کشمیر میں، کشمیر پولیس کے انسپکٹر جنرل نے کل اونتی پورہ DPO میں CRPF کے انسپکٹر جنرل آف پولیس اور وکٹر فورس کے جنرل آفیسر کمانڈنگ کے ساتھ سکیورٹی کا جائزہ لینے کے لیے ایک مشترکہ میٹنگ کی۔ میٹنگ میں عوام کے تحفظ کو یقینی بنانے کے طریقے وضع کرنے اور انتخابی عمل کی معتبریت کو برقرار رکھنے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ کشمیر کے IGP نے SSPs اور CRPF اور راشٹریہ رائفلز کے ہم منصبوں پر زور دیا وہ حالات کا باریکی سے جائزہ لیں اور دہشت گردانہ سرگرمیوں کے ممکنہ کوششوں کو ناکام بنانے کے موجودہ اقدامات میں اضافہ کریں۔ کسی بھی غیر محفوظ علاقے کو موثر طریقے سے محفوظ بنانے اور علاقے کے تسلط کو مستحکم بنانے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔

انہوں نے افسران کو مزید ہدایت دی کہ وہ غیر جانبدار ہوکر کام کریں، قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سختی سے پیش آئیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے کسی بھی ناگہانی صورتحال سے موثر اور فوری طور پر نمٹنے کے لیے پوری طرح تیار ہیں۔×

## ED Searches

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ ED نے ممبئی، چنئی، کولکاتہ اور دلی کے مختلف مقامات پر چھاپے کی کارروائی انجام دی ہے۔ یہ چھاپے انٹرنیشنل بروکرس خاص طور پر OctaFx Trading App اور اُس کی ویب سائٹ کے ذریعے غیرقانونی طو رپر آن لائن غیرملکی زرمبادلہ کی ٹریڈنگ کے کیس کی جاری تفتیش کے ایک حصے کے طور پر مارے گئے ہیں۔ تلاشی کی یہ کارروائیاں جعمرات کو کالے دھن کو جائز بنانے کی روک تھام سے متعلق قانون کے تحت کی گئی ہیں۔ ایجنسی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ تلاشی کی کارروائیوں کے دوران دو کروڑ 70 لاکھ روپے کے بینک فنڈ اور کئی قابل اعتراض دستاویز اور ڈیجیٹل ڈِوائس ضبط کیے گئے ہیں۔

ED نے یہ تفتیش پُنے کے شیواجی نگر پولیس اسٹیشن کے ذریعے دائر FIR کی بنیاد پر شروع کیا ہے۔

یہ FIR زیادہ نفع دینے کے جھوٹے وعدے اور غیرملکی زرمبادلہ کے ذریعے لوگوں کو ٹھگنے میں ملوث افراد کے خلاف کیا گیا ہے۔ ED کی تفتیش میں پتہ چلا ہے کہ OctaFx آن لائن ٹریڈنگ ایپ اور ویب سائٹ، بھارت میں مقیم OctaFx انڈیا پرائیویٹ لمیٹڈ کے اشتراک کے ساتھ بھارت میں کام کر رہا ہے۔ OctaFx ایپ اور اس کی ویب سائٹ غیرملکی زرمبادلہ کی تجارت کے لیے RBI کے ذریعے تسلیم شدہ نہیں ہیں۔

تفتیش کے مطابق ED نے کرپٹو کرنسی، بینک بچت، سونے کے سکّے کی شکل میں 35 کروڑ روپے کے اثاثے ضبط کیے ہیں۔ تلاشی کی کارروائیوں میں چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس اور پیشہ وروں کے ایک نیٹ ورک کا انکشاف ہوا ہے، جس نے ترسیل زر کے لیے فرضی سرٹیفکیٹ دیا۔×

**Rev IMD**

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے گنگا کے ترائی والے علاقے مغربی بنگال کے بہت سے حصوں میں کل تک کے لیے اور جھارکھنڈ اور بہار کے کئی حصوں میں 24 اپریل تک کے لیے سخت گرمی کی لہر کی پیشگوئی کی ہے۔ البتہ، اڈیشہ میں، گرمی کی لہر کی صورتحال کل سے بتدریج کم ہوگی۔ IMD نے کہا ہے کہ ساحلی آندھرا پردیش اور Yanam، رائل سیما، تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائکل اور کیرالہ میں بدھ تک اوَمس کی صورتحال کی توقع ہے۔ IMD نے مشرقی اتر پردیش اور شمالی مدھیہ پردیش میں کل رات کے دوران گرمی کی پیشگوئی کی ہے۔

ایجنسی نے کہا ہے کہ اروناچل پردیش میں گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے اوسط درجے کی بارش، جبکہ آسام میں بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

اس کے علاوہ سب ہمالائی مغربی بنگال اور سکم میں 26 اپریل اور اڈیشہ میں 24 اپریل اور گنگا کے ترائی والے مغربی بنگال اور جھارکھنڈ میں 22 سے 23 اپریل تک گرج چمک اور دھول بھری ہوا کے ساتھ ہلکی سے اوسط درجے کی بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔

IMD نے مہاراشٹر اور مراٹھ واڑا میں 26 اپریل تک اور کونکن اور گوا میں پیر تک ہلکی بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ ایجنسی نے کہا ہے کہ جموں و کشمیر، لداخ، گلگت بلتستان، مظفرآباد، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں 26 اپریل تک گرج چمک اور دھول بھری ہوا کے ساتھ ہلکی سے اوسط درجے کی بارش ہوگی۔ پنجاب، ہریانہ اور چنڈی گڑھ میں بھی مختلف مقامات پر بارش کی توقع ہے۔×

**Fur.Rev.Asian Olympic Qualifiers**

کشتی میں بھارت کی سرکردہ خاتون کشتی کھلاڑی وِنیش پھوگاٹ، اَنشو ملک اور Reetika Hooda آج Kyrgyzstan کے Bishkek میں ایشین اولمپک کوالیفائرس میں پیرس اولمپک 2024 کیلئے کوٹہ حاصل کرلیا۔

پھوگاٹ نے پچاس کلو گرام کے زمرے میں قزاخستان کی کھلاڑی Laura Ganikyzy کو دس-صفر سے ہرایا۔ اَنشو ملک نے 57 کلو گرام کے زمرے میں ازبکستان کی کھلاڑی Laylokhon Sobirova کو گیارہ-صفر سے شکست دی، جبکہ Reetika Hooda نے 76 کلو گرام کے زمرے میں چینی تائی پی کی کھلاڑی Hui T. Chang کو سات-صفر سے ہرایا۔ دولت مشترکہ کھیلوں اور ایشیائی کھیلوں کی فاتح پھوگاٹ نے قزاخستان کی کشتی کھلاڑی کے خلاف تکنیکی برتری کی بنیاد پر جیت حاصل کی۔

پھوگاٹ کا مقابلہ اب ازبکستان کی کھلاڑی Aktenge Keunimjaeva سے ہوگا۔2021 عالمی چمپئن شپ میں چاندی کا تمغہ جیتنے والی اَنشو کا سامنا چین کی کھلاڑی Kexin Hong سے ہوگا، جبکہ Reetika Hooda کا مقابلہ چین کی کھلاڑی Juan Wang سے ہوگا۔x

**IPL Cricket**

IPL کرکٹ میں، سن رائزرس حیدرآباد نے دلی کیپیٹلس کے سامنے جیت کے لیے 267 کا نشانہ رکھا ہے۔

یہ میچ دلی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیئم میں کھیلا جا رہا ہے۔
پہلے بلے بازی کرتے ہوئے سن رائزر حیدرآباد نے مقررہ 20 اوورز میں 7 وکٹ کے نقصان پر 266 رن بنائے تھے۔ Trevis Head نے 32 گیندوں میں 89 رن بنائے۔
اس سے پہلے دلی کیپیٹلس نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔
فی الحال حیدرآباد کی ٹیم پوائنٹس ٹیبل میں چوتھے مقام پر ہے جبکہ دلی کی ٹیم چھٹے مقام پر ہے۔
کل کولکاتہ نائٹ رائڈرس کا مقابلہ کولکاتہ کے ایڈن گارڈنس میں رائل چیلنجرس بینگلورو سے ہوگا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆